1989ء سے مسلسل اشاعت | 11 نومبر تا 17 نومبر 2022 | شمارہ نمبر 46 | جلد نمبر 34

MC - 547 Price Rs. 70/-


# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی


بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ



## FAIR TRADE (Pvt) Limted

**A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board**

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

## ISO 900: 2015
## International Business Management
## CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

BMG





بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS


IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER


SINAR SPECTRA
premium colour paper


spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



SINAR SPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# ڈپلیکس بورڈ گرے بیک پر مزید پانچ سال کیلئے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کردی گئی

## سنچری پیپر ملز اور بلھے شاہ کی درخواست پر 12 مئی 2027 تک یہ ڈیوٹی عائد رہے گی، نیشنل ٹیرف کمیشن کا اعلان

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن (این ٹی سی) نے پانچ سال کی مدت پوری کر کے 12 مئی 2022 کو ڈوب جانے والی اینٹی ڈمپنگ کو مزید پانچ سال (12 مئی 2027ء) تک کے لیے دوبارہ طلوع کر دیا ہے۔ یہ حتمی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی 12 مئی 2017 کو پانچ سال کے لیے نافذ کی گئی تھی اور اس کی مدت 12 مئی 2022 کو ختم ہوگئی تھی۔ کمیشن کے اعلامیہ کے مطابق ون سائیڈ کوٹڈ گرے بیک (ڈپلیکس بورڈ) جو کہ چائنا، انڈونیشیا اور کوریا سے پاکستان میں ڈمپ ہو رہا تھا اور اس کی وجہ سے مقامی ڈپلیکس بورڈ بنانے والی ملیں سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ اور بلھے شاہ پیکجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ بری طرح متاثر ہو رہی تھیں اور ان ہی کی درخواست پر 22 اپریل 2022ء سے اس سلسلے میں جائزہ لینے کے عمل کا آغاز کیا گیا تھا جس کے بعد کمیشن اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ چین، انڈونیشیا اور کوریا سے درآمد ہونے والے ون سائیڈ کوٹڈ ڈپلیکس بورڈ پر مزید پانچ سال کے لیے مندرجہ ذیل شرحوں سے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی نافذ کردی جائے۔

| | |
|---|---|
| چین | 18.57 فیصد |
| انڈونیشیا | 16.22 فیصد |
| ساؤتھ کوریا | 14.98 فیصد |

اس ڈیوٹی کا اطلاق ایس ایچ کوڈ 4810.9200 اور 4810.9800 کے تحت درآمد ہونے والے ڈپلیکس بورڈ پر ہوگا۔

# ڈپلیکس بورڈ پر اینٹی ڈمپنگ کا نفاذ، امپورٹرز و انڈنٹرز مشاورت جاری

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پیپر مارکیٹ کے ذرائع کے مطابق این ٹی سی کی جانب سے ڈپلیکس بروڈ گرے بیک پر مزید پانچ سال کے لیے اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ سے پیدا شدہ صورت حال پر غور اور آئندہ کی حکمت عملی کے لیے کراچی و لاہور کے انڈنٹرز و امپورٹرز میں مشاورت جاری ہے، جس میں اس سلسلے میں قانونی کارروائی کرنے پر غور کیا جارہا ہے امپورٹرز کا موقف ہے کہ گزشتہ پانچ سالوں میں جب ڈپلیکس بورڈ گرے بیک امپورٹ ہی نہیں ہوا تو مقامی ملوں کے لیے مشکلات کا سوال کہاں سے پیدا ہوگیا ہے جبکہ کسٹم ڈیٹا اس بات کا گواہ ہے۔ اس سلسلے میں این ٹی سی نے غیر منصفانہ فیصلہ کیا ہے جس کے خلاف قانونی جنگ لڑی جانی چاہیئے۔ تاہم اس بارے میں لاہور کے ایک انڈنٹر کو مشاورت کے لیے ذمہ دار بنایا گیا ہے۔

# اپیما انتخابات تیسرے سال بھی منعقد نہ ہو سکے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے 2019 کے بعد انتخابات کا التوا بدستور برقرار ہے اور لاہور ہائی کورٹ کے حکم کے تحت تین سالوں سے اس کے انتخابات منعقد نہیں ہو سکے ہیں۔ جبکہ ملک بھر کے چیمبرز اور ایسوسی ایشن کے انتخابات 30 ستمبر تک مکمل ہو چکے ہیں۔ واضح ہے کہ انصاف بزنس پینل لاہور کی جانب سے دائر مقدمات بدستور زیر سماعت ہیں۔ اطلاعات کے مطابق اکتوبر 2022 میں بھی اس کی سماعت کی تاریخیں مقرر ہوئی تھیں لیکن انصاف بزنس پینل کے وکیل نے اپنی مصروفیات کے باعث قبل از وقت ہی اس کے التوا کی درخواست دے دی تھی اور اب نومبر میں اس کی سماعت متوقع ہے۔

## سعودی عرب، وزٹ ویزے پر قیام کی مدت 3 ماہ

ریاض (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی کابینہ نے ہر طرح کے سنگل انٹری وزٹ ویزوں کے قیام کی مدت تین ماہ کردی ہے جبکہ ٹرانزٹ ویزے کے لیے کوئی فیس نہیں لی جائے گی، ٹرانزٹ ویزا کے لیے بھی ترمیم منظور کی گئی ہے۔ ٹرانزٹ ویزے کے تحت قیام کی مدت 3 ماہ ہوگی جبکہ مفت قیام کا دورانیہ 96 گھنٹے ہے۔ سنگل انٹری فیملی وزٹ ویزہ 30 دن کے لیے اور ملٹی پل انٹری ویزہ 90 دن کے لیے کارآمد ہوگا۔ شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی زیر صدارت منگل 8 نومبر 2022 کو ریاض کے قصر یمامہ میں کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔

# اسٹیٹ بینک، ایف آئی اے، غیر قانونی زرمبادلہ آپریٹرز کیخلاف مشترکہ کارروائی کریں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک کے گورنر اور ایف آئی اے کے ڈائریکٹر جنرل نے مشترکہ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک بھر میں زرمبادلہ کے غیر قانونی آپریٹروں اور سٹے بازوں کو پکڑنے اور قانونی کارروائی کیلئے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ لہٰذا اسٹیٹ بینک اور ایف آئی اے پاکستان میں زرمبادلہ کے غیر قانونی آپریٹروں کے خلاف مشترکہ کارروائی کریں گے۔ اسٹیٹ بینک اور ایف آئی اے کی مشترکہ ٹیمیں ان سرگرمیوں میں ملوث افراد کی نشاندہی اور تعزیری/قانونی کارروائی کریں گی تاکہ سٹے بازی اور گرے مارکیٹ کا خاتمہ کیا جا سکے۔ یہ ٹیمیں ملک بھر میں غیر قانونی فارن ایکسچینج آپریٹروں اور کاروباری اداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کریں گی۔ بینکوں اور ایکسچینج کمپنیوں کو اسٹیٹ بینک پاکستان میں زرمبادلہ میں کاروبار کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ 1947 کے تحت بینکوں اور ایکسچینج کمپنیوں کے علاوہ کسی فرد یا ادارے کی جانب سے زرمبادلہ کا کاروبار انجام دینا غیر قانونی قرار دیا گیا ہے، کیونکہ زرمبادلہ میں کاروبار اوپن مارکیٹ کی شرح مبادلہ پر منفی اثر ڈالتا ہے اور انٹربینک اور اوپن مارکیٹ کی شرح مبادلہ میں فرق کو بڑھا دیتا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# انفورسمنٹ کلکٹریٹس کی جانب سے درآمدکنندگان کو بلاجواز ہراساں کرنے پر سخت کارروائی کا فیصلہ

## 7 چیف کلکٹرز کو نوٹیفکیشن بھی جاری، ہدایات پر عمل درآمد نہ کرنے والے افسران کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی ہوگی، ایف بی آر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ملک بھر کے انفورسمنٹ کلکٹریٹس میں شامل کراچی، حیدرآباد، اسلام آباد، سیالکوٹ، گوادر، لاہور، ملتان، پشاور، کوئٹہ اور ڈیرہ اسماعیل خان میں تعینات کلکٹرز کو درآمدکنندگان کو بلاجواز ہراساں کرنے پر سخت کارروائی کی ہدایات جاری کی ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پورٹس سے کلیئر ہونے والے درآمدی کنسائمنٹس کو کراچی سے ملک کے دیگر شہروں میں منتقل کرنے کے دوران زیر تبصرہ کلکٹریٹس میں تعینات انفورسمنٹ کلکٹریٹس کے افسران واہلکار بلاجواز پریشان کیا جاتا ہے اور درآمدکنندگان کا سامان ضبط کرکے ان کے خلاف مقدمات بنانے کی دھمکیاں دیئے جانے کی شکایات موصول ہوئی ہیں جس پر ایف بی آر نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ملک بھر کے انفورسمنٹ کلکٹریٹس کو درآمدکنندگان کو ہراساں نہ کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے یہ بھی کہا ہے کہ اگر انفورسمنٹ کلکٹریٹس میں تعینات افسران ایف بی آر کی ہدایات پر عملدرآمد نہیں کریں گے تو ان کے خلاف محکمہ جاتی کارروائی کی جائے گی۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے قانونی طریقے کلیئر کئے جانے والے درآمدی کنسائمنٹس کی نقل وحمل کے دوران درآمدکنندگان کو درپیش مشکلات کی اطلاع ملی ہے کہ ملک کے مختلف کسٹمز اسٹیشن پر تعینات اینٹی اسمگلنگ اسکواڈ کا عملہ سامان کو راستے میں چیک کیا جاتا ہے، درآمدکنندگان کی جانب سے انفورسمنٹ کلکٹریٹس کے عملے کو دستاویزات پیش کرنے کے باوجود ناقص بنیادوں پر سامان کو روک لیا جاتا ہے اس طرح کا طرزعمل حقیقی درآمدکنندگان کے لیے غیر ضروری مشکلات کا باعث بن رہے ہیں، جو بدعنوانی کا باعث بھی بنتے ہیں۔ جس پر بورڈ نے ان شکایات کا سخت نوٹس لیا ہے اور ہدایات جاری کیں ہیں کہ کسٹم کلیئر شدہ درآمدی سامان کو لے جانے والی گاڑیاں درآمدی دستاویزات کے ساتھ ہوں اور کلیئرنس کی براہ راست نقل وحمل کو ظاہر کرتی ہوں تو ان کو بلاجواز نہ روکا جائے۔ مزید برآں، اگر سامان کی جانچ کی ضرورت ہو تو اسے ڈپٹی کلکٹر کی موجودگی میں کرایا جائے گا، ڈپٹی کلکٹر دستیاب نہ ہو تو اسسٹنٹ کلکٹر سامان کی جانچ پڑتال کرے گا اور اگر سامان کی جانچ پڑتال کے دوران تضاد ملنے کی صورت میں متعلقہ ایڈیشنل کلکٹر کے ذریعہ جانچ پڑتال کروائی جائے گی اور کسی بھی قانونی کارروائی کے آغاز سے پہلے کلیئرنس کلکٹریٹ سے کراس چیک کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں چیف کلکٹر اور کلکٹر انفورسمنٹ اے ایس او موبائل اسکواڈ اور چیک پوسٹوں ہدایات کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے اس امر کی بھی نگرانی کریں کے کسٹمز کلکٹریٹس کی جانب سے کلیئر کئے جانے والے سامان میں کسی قسم کی زیادتی نہ کی جائے۔

# پیچیدگیوں کی وجہ سے 10 لاکھ سے زائد افراد گوشوارے جمع کرانے سے قاصر ہیں' پاکستان ٹیکس بار

## لاہور ہائیکورٹ میں E-7 پر بے شمار درخواستیں دائر ہو چکی ہیں' سینئر نائب صدر عابد حفیظ عابد کی وفد سے گفتگو

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر عابد حفیظ عابد نے کہا ہے حکومت اور ایف بی آر انکم ٹیکس گوشوارے سے کم سے کم ٹیکس کے فارمولے اور E-7 کے مسائل کا تدارک کرے، مسائل اور پیچیدگیوں کی وجہ سے 10 لاکھ سے زائد افراد ٹیکس گوشوارے جمع کرانے سے قاصر ہیں، لاہور ہائیکورٹ میں E-7 پر بے شمار درخواستیں دائر ہو چکی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکس بارز کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق نائب صدر پاکستان ٹیکس بار ثاقب شیخ، ظفر اقبال مغل، حسن عسکری سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ عابد حفیظ عابد نے کہا کہ ملک میں ایک بار پھر منی بجٹ لانے کی بازگشت سنائی دے رہی ہے جس پر ہر طبقہ پریشان ہے، اگر معیشت میں جمود آ گیا ہے تو ہمیں کوئی بھی ڈیفالٹ کی طرف جانے سے نہیں روک سکے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ معیشت کو چلانے والے شعبوں پر اتنا بوجھ ڈالیں جتنا وہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ کے ملک میں 32 لاکھ ٹیکس گوشوارے آتے ہیں، کیا حکومت اور متعلقہ ادارہ اس پر کوئی سوچ بچار کریں گے کہ کیا وجوہات ہیں جو ٹیکس نیٹ وسیع نہیں ہو رہا۔

# وفاق اور صوبوں میں سروسز پر جی ایس ٹی کی ہم آہنگی کا مسئلہ طے ہو گیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر خزانہ اسحق ڈار نے جنرل سیلز ٹیکس کو ہم آہنگ کرانے میں متعلقہ شراکت داروں کے اتفاق رائے کو خوش آئند قرار دیدیا۔ وزیر خزانہ و محصولات اسحق ڈار نے جنرل سیلز ٹیکس کو ہم آہنگ کرانے میں متعلقہ شراکت داروں کے اتفاق رائے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے کاروبار میں آسانی ہوگی۔ انہوں نے یہ بات نیشنل ٹیکس کونسل (این ٹی سی) کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں پنجاب کے وزیر خزانہ محسن لغاری، وزیر مملکت ڈاکٹر عائشہ غوث پاشا، معاون خصوصی طارق باجوہ، معاون خصوصی طارق محمود، چیئرمین ایف بی آر، سیکریٹری خزانہ، وفاقی سیکرٹریز اور سینئر افسران نے شرکت کی۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان سروسز پر جنرل سیلز ٹیکس کی ہم آہنگی کا دیرینہ مسئلہ طے پا گیا ہے، وفاق اور صوبوں کے درمیان سروسز پر جی ایس ٹی بارے چاروں صوبوں کی جانب سے پیش کردہ متفقہ پلیس آف سپلائی رولز کے مسودے پر بھی اتفاق ہو گیا ہے، جس سے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور عالمی بینک کی ایک اور تجوز پر عملدرآمد مکمل ہونے جارہا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے صوبوں کے پیش کردہ پلیس آف سپلائی رولز کے مسودے پر فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے اعتراضات دور کروانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اجلاس میں ملک بھر میں جنرل سیلز ٹیکس کو ہم آہنگ کرانے کیلئے این ٹی سی کے گذشتہ اجلاس کے فیصلوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ملک میں کاروبار کو آسان بنانے کیلئے جنرل سیلز ٹیکس میں ہم آہنگی ضروری ہے۔

## پیرس، پراپرٹی ٹیکس میں 50 فیصد اضافہ

پیرس (انٹرنیشنل بزنس ڈیسک) پیرس کے میئر مادام ہیڈلگو نے پراپرٹی ٹیکس میں 50 فیصد سے زائد اضافے کا اعلان کر دیا۔ پیرس کے میئر نے اعلان کیا ہے کہ 2023 میں فرانسیسی دارالحکومت میں پراپرٹی ٹیکس میں تیزی سے اضافہ ہو گا۔ جائیداد کے مالکان کی طرف سے ادا کردہ ٹیکس میں اضافہ کیا جائے گا۔ ٹیکس کی شرح 2023 میں 13.5 فیصد سے بڑھ کر 20.5 فیصد ہو جائے گی۔

## قوانین کی خلاف ورزی، 6 بینکوں پر جرمانے عائد

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے 6 بینکوں پر قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے عائد کر دیئے، جرمانے ایک کروڑ سے 14 کروڑ روپے کے درمیان ہیں، مرکزی بینک جرمانوں کی مد میں ان بینکوں سے کل 29 کروڑ روپے وصول کرے گا۔ ذرائع کے مطابق زیادہ تر بینکوں پر جرمانے کی وجوہات بینکنگ قوانین کی خلاف ورزی ہے، بینکنگ قوانین کے مطابق بینکوں کے پاس کھاتا کھولنے والے کی مکمل معلومات، جس میں اس کا نام، گھر کا پتہ، ذرائع آمدن کی مکمل معلومات کا ہونا لازمی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق بینکنگ قوانین کو سخت کیا گیا ہے جس کی سب سے بڑی وجہ نامعلوم اکاؤنٹس سے بڑی بڑی رقوم کا نکلنا اور منی لانڈرنگ روک تھام ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

CPP Services Private Limited

联强集团 UPG UP GROUP

World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FB FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN 盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明 GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# جولائی۔ستمبر 2022: ویریٹیک، ایکنا اور پرائم اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

## یونگی، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی، نیکسز پرو اور لیبل ٹیک میں 100 روپے پیکٹ تک کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کے آغاز سے اسٹیکر کی قیمتیں جس دباؤ کا شکار رہیں تھیں وہ تیسری سہ ماہی میں بھی برقرار رہا اور 30 ستمبر کو ختم ہونے والی تیسری سہ ماہی میں صرف انڈونیشین برانڈز ویریٹیک میں 400 روپے پیکٹ ، ایکنا 300 روپے اور پرائم میں 100 پیکٹ کا اضافہ ہوا۔اس کے علاوہ مارکیٹ میں دستیاب تمام برانڈز یونگی میں 50 روپے، گولڈن ٹیک جی ایس ایف میں 100 روپے، پاور ٹیک میں 150 روپے، وائی ایم سی میں 50، نیکسز پرو میں 100 اور لیبل ٹیک میں 50 روپے پیکٹ تک کمی ریکارڈ ہوئی۔اس سے قبل دوسری سہ ماہی اپریل۔جون میں قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا تھا، یونگی اور نیکسز پرو کی قیمت 2700 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگئی تھی۔جبکہ گولڈن ٹیک میں 350 روپے پیکٹ کا اضافہ ہوا تھا اور اس کی قیمت 3050 روپے تک پہنچ گئی۔البتہ پاور ٹیک چائنا کی قیمت 2650 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے ہوگئی تھی۔سب سے زیادہ اضافہ ایکنا انڈونیشیا میں 400 روپے پیکٹ ہوا تھا اور اس کی قیمت 3300 روپے تک پہنچ گئی تھی۔لیبل ٹیک چائنا بھی 300 روپے پیکٹ اضافے کے ساتھ نمایاں رہا تھا۔اسٹیکر کے مختلف اقسام کی جولائی۔ستمبر 2022 کے دوران شائع ہونے والے پیپر بزنس کے 12 شماروں میں شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ نیچے پیش کیا جارہا ہے۔

## Prices Trend in July-September-2022 (Per Packet Rates)

### Imported **STICKER PAPER Indonesia, China and Europe**

| Veritec | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 Ultra | 4000 | 4000 | 4000 | 4300 | 4300 | 4200 | 4200 | 4200 | 4200 | 4200 | 4200 | 4400 | ( + 400 ) |

| Prime | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | 2750 | 2800 | 2850 | 2850 | ( + 100 ) |

| Yongyi | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 2900 | 2900 | 2900 | 3000 | 3000 | 2900 | 2900 | 2800 | 2850 | 2850 | 2850 | 2850 | ( - 50 ) |

| AQNA | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 3550 | 3550 | 3550 | 3850 | 3900 | 3700 | 3700 | 3700 | 3700 | 3700 | 3700 | 3850 | ( + 300 ) |

| GoldenTac gsf | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 3050 | 3000 | 3000 | 3050 | 3050 | 3050 | 3000 | 3000 | 2850 | 2900 | 2900 | 2950 | ( - 100 ) |

| Power Tec | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 2950 | 2825 | 2825 | 2900 | 3100 | 2900 | 2900 | 2810 | 2800 | 2800 | 2800 | 2800 | ( - 150 ) |

| Y M C | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 2850 | 2850 | 2850 | 2850 | 2950 | 2900 | 2900 | 2850 | 2800 | 2800 | 2800 | 2800 | ( - 50 ) |

| Nexes Pro | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 2900 | 2900 | 2900 | 2950 | 3050 | 2950 | 2950 | 2850 | 2850 | 2800 | 2800 | 2800 | ( - 100 ) |

| Label Tac | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 20 x 30 | 3050 | 3000 | 3000 | 3050 | 3050 | 3050 | 3000 | 3000 | 2850 | 2900 | 3000 | 3000 | ( - 50 ) |



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725





# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA

## Brands

## Products of PINDO DELI



# ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award ™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہم

# "فخر پیپر مارکیٹ"

# جناب محمد سلیم بیکیا (میسرز انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ)

کو انڈونیشیا حکومت کی جانب سے **"فرینڈ آف انڈونیشیا 2022"** کا




منفرد اور پہلا ایوارڈ ملنے پر انہیں دل کی گہرائیوں سے **مبارکباد** دیتے ہیں

ہم ان کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا گو ہیں۔

منجانب:

| | | |
|---|---|---|
| محمد اقبال | محمد زبیر | محمد جنید |
| 0300-8228634 | 0321-8228634 | 0321-2009691 |

## M/s. Zubair Paper Mart

Shop # 2, Al-Rasheed Centre, Faiz Muhammad Fateh Ali Road,

Near Haqqani Chowk, Karachi-Pakistan.

Tel: 021-32620572 / 32211786 / 32218791-92




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، درآمدی بلیچ بورڈ اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی، ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ میں بھی کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مندی دیکھی گئی اور 9 نومبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا، بلیچ بورڈ ریئل، بلیچ بورڈ چینمنگ اور بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف اور لیبل ٹیک چائنا، مقامی ڈپلیکس بورڈ ایگل کوٹڈ اور انرجی کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر سوئڈن کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایگل ان کوٹڈ تمام سائز تمام گرام، 126 روپے سے کم ہو کر 124 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 290 گرام، 240 روپے سے کم ہو کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 332 روپے سے کم ہو کر 330 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس 336 روپے سے کم ہو کر 330 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 330 روپے سے کم ہو کر 328 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 326 روپے سے کم ہو کر 325 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا آئی کے کاپی F4A_13 .5_70 گرام، 1300 روپے سے کم ہو کر 1290 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا 20x30 سائز، 2850 روپے سے کم ہو کر 2800 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے کم ہو کر 2800 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

# پیکنگ سمیت وزن پر ڈیوٹی و ٹیکسز کی وصولی سے درآمد کنندگان پریشان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل کنٹینرز ٹرمینل اور ساؤتھ ایشیاء پاک ٹرمینل پر کسٹمز افسران کی جانب سے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں مشکلات پیدا کرنے سے درآمد کنندگان میں شدید اضطراب کی لہر پائی جارہی اطلاعات کے مطابق پیکنگ میں درآمد کئے جانے والے کنسائمنٹس کا وزن پیکنگ کے بغیر کر کے ڈیوٹی و ٹیکسز کی وصولی کی جاتی ہے لیکن پی آئی سی ٹی اور ایس اے پی ٹی پر درآمد ہونے والے کنسائمنٹس پر پیکنگ کے وزن کے ساتھ ڈیوٹی و ٹیکسز کی وصولی کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جس کے باعث درآمد ہونے والے ایسے سارے کنسائمنٹس کی کلیئرنس روک گئی ہے اور درآمد کنندگان پر اضافی ڈیمرج ڈیٹینشن کی ادائیگیوں کا بوجھ بھی بڑھ رہا ہے۔ درآمد کننگان کے مطابق کسٹمز افسران درآمد کنندگان کو بار بار پریشان کرنے کے لئے اپنی مرضی کا قانون لے آتے ہیں جس سے درآمد کنندگان کو اپنے کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں شدید مشکلات پیش آتی ہیں۔ قانون کے مطابق کسی بھی کنسائمنٹس پر پیکنگ کے وزن شامل کر کے ڈیوٹی و ٹیکسز کی وصولی نہیں کی جاتی اور یہ درآمد کنندگان کو بنیادی حق بھی ہے لیکن مذکورہ ٹرمینلز پر تعینات کسٹمز افسران اپنی مرضی سے کنسائمنٹس پر پیکنگ کے وزن کے ساتھ ڈیوٹی و ٹیکسز کی وصولی کرنا چاہتے ہیں۔ اس ضمن میں کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر ندیم کامل سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں اس سلسلے میں کافی شکایات موصول ہوئی ہیں جس پر عمل درآمد کیا جارہا ہے اور امید ہے جلد ہی اس مسئلہ کو حل کر لیا جائے گا۔

# وزیر خزانہ کا اسٹیٹ بینک کی جاری مانیٹری پالیسیوں پر اظہارِ اطمینان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری مانیٹری پالیسیوں پر اطمینان کا اظہار کیا ہے جبکہ وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے اسٹیٹ بینک کے اقدامات کو سراہتے ہیں۔ شرح مبادلہ میں استحکام واپس لانے میں اسٹیٹ بینک ریگولیٹری کا کردار اہم ہے۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے ملاقات کی جس میں معاشی استحکام، بحالی، ترقی کیلئے مالیاتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مالیاتی، مانیٹری پالیسی کی ہم آہنگی پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ پالیسی اقدامات سے روپے کی قدر میں استحکام اور شرح مبادلہ اتار چڑھا کو روکا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر خزانہ کو پائیدار ترقی کے حصول کے لیے مالیاتی پالیسی پر بریفنگ دی گئی۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے میکرو اکنامک پالیسی اقدامات سے آگاہ کیا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسیوں کے مطابق معاشی بحالی کی حمایت کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیر خزانہ نے گفتگو میں کہا کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے اسٹیٹ بینک کے اقدامات کو سراہتے ہیں شرح مبادلہ میں استحکام واپس لانے میں اسٹیٹ بینک ریگولیٹری کا کردار اہم ہے۔


## ☆ مشتہرین توجہ فرمائیں ☆

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام "پیپر بزنس" کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی "رسید" لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس کے اس فون نمبر پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

0308-2933229



CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ترمیم شدہ ٹریڈ آرگنائزیشن بل نافذ، صدر علوی نے دستخط کردیئے

## تمام تجارتی تنظیموں بشمول فیڈریشن کے عہدیداروں کی مدت تبدیل ہوگئی

کراچی (بزنس ڈیسک) صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کے دستخط کے بعد ترمیم شدہ ٹریڈ آرگنائزیشن بل 2022ء کا نفاذ ہو گیا جس کے تحت فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) سمیت ملک بھر کی تمام تجارتی انجمنوں اور چیمبرز آف کامرس کے عہدیداروں کی معیاد 2 سال کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظوری کے بعد صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے ترمیم شدہ ٹریڈ آرگنائزیشن بل 2022ء منظور کرتے ہوئے دستخط کر دیئے ہیں جس کے بعد اس کا عملی نافذ شروع ہو گیا ہے ترمیم کے بعد فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) سمیت ملک بھر کی تمام تجارتی انجمنوں اور چیمبرز آف کامرس کے عہدیداروں کی معیاد 2 سال ہوگئی ہے، ترمیم شدہ ٹریڈ آرگنائزیشن بل 2022ء کی منظوری سے عرفان اقبال شیخ سال 2023ء کے اختتام تک ایف پی سی سی آئی کے صدارتی منصب پر برقرار رہیں گے، واضح رہے کہ ایف پی سی سی آئی کے عہدیدار 2014 سے اس ترمیم کی کوشش کر رہے تھے کیونکہ ان کے خیال میں ایک سال کا عرصہ پالسی کے نفاذ اور کسی بھی تعمیری کام کے لیئے بہت کم تھا، ذرائع کے مطابق صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے منگل یکم نومبر کو ترمیمی ایکٹ پر دستخط کر کے اس کی کاپی وزیراعظم ہاؤس کو بھی بھیج دی ہے، بل کی کاپی وزارت تجارت کو بھی موصول ہوگئی ہے۔

# بیرون ملک ڈالر ارسال کرنے کی حد میں کمی

## غیر ملکی کرنسی میں خریداری کی حد بھی 5 ہزار ڈالر کی جارہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت اور مرکزی بینک نے زرمبادلہ کی خریداری اور بیرون ملک ارسال کرنے کی فی کس سالانہ حد ایک لاکھ سے کم کر کے 50 ہزار ڈالر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کا مقصد اوپن مارکیٹ میں سٹے بازی کی وجہ سے ڈالر کی بڑھی ہوئی قدر کو کم کرنا ہے۔ یہ فیصلہ وفاقی دارالحکومت میں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کے دوران کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا ہے کہ جو فارن کرنسی ڈیلرز سٹے بازی میں ملوث ہیں، ان کے خلاف ایف آئی اے کارروائی کرے گی کیونکہ محض چند ایکسچینج کمپنیوں پر جرمانے عائد کرنے یا ان کے لائسنس معطل کرنے جیسے اقدامات تا حال موثر ثابت نہیں ہوئے۔ غیر ملکی کرنسی کی یومیہ خریداری اور بیرون ملک ارسال کرنے کی زیادہ سے زیادہ حد بھی 10 ہزار سے کم کر کے 5 ہزار ڈالر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک ان فیصلوں کو نافذ العمل کرنے کے لیے موجودہ ایکسچینج کمپنیز قوانین میں ترمیم کی غرض سے جلد ہی نوٹیفکیشن جاری کر دے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 230 روپے سے زائد رہنے پر وفاقی وزیر خزانہ نے گورنر اسٹیٹ بینک کو ملاقات کے لیے بلایا تھا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی بڑھی ہوئی قدر نے کمرشل بینکوں کو بھی یہ موقع فراہم کیا کہ وہ ڈالر کا انٹربینک ریٹ 222 روپے کی رینج میں رکھیں، جو کہ حقیقی افراط زر کے لحاظ سے ایڈجسٹمنٹ کے بعد 200 روپے فی ڈالر سے کم ہونی چاہیے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران گورنر اسٹیٹ بینک نے بھی وزیر خزانہ سے اس بات پر اتفاق کیا کہ ڈالر کی حقیقی قدر 200 روپے سے کم ہے۔ مذکورہ اقدامات سے ملکی زرمبادلہ ذخائر پر دباؤ کم کرنے میں مدد ملے گی، جو انتہائی ضروری درآمدات کے سوا دیگر تمام اشیاء کی امپورٹ کی حوصلہ شکنی کے باوجود کم ہو کر اب محض 8.9 ارب ڈالر رہ گئے ہیں۔ نئی پالیسی کے تحت 18 سال اور اس سے زائد عمر کے (بالغ افراد اب پاکستان سے 5,000 امریکی ڈالر کے مساوی غیر ملکی کرنسی فی دورہ لے جا سکتے ہیں، جبکہ 18 سال سے کم عمر (نابالغ) افراد کو فی دورہ 2,500 امریکی ڈالر کے مساوی غیر ملکی کرنسی لے جانے کی اجازت ہوگی ۔ بالغ اور نابالغ افراد کے لیے غیر ملکی کرنسی لے جانے کی سالانہ حد بالترتیب 30,000 امریکی ڈالر اور 15,000 امریکی ڈالر ہوگی ۔ افغانستان کا سفر کرنے والوں کے لیے غیر ملکی کرنسی کی پالیسی 6 0 اکتوبر 2021ء کے نوٹیفکیشن کے مطابق برقرار رہے گی۔ بینک اعلامیہ کے مطابق غیر ملکی کرنسی کی فی دورہ حد میں فوری طور پر نافذ ہوں گی، جبکہ سالانہ حد میں یکم جنوری 2023ء سے لاگو ہوں گی۔ دریں اثنا اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز کو تجارتی لین دین کے لئے ممنوع قرار دے دیا ہے اور کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کا مشاہدہ ہے کہ ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز ایسے لین دین کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں جو متعلقہ فرد کی خصوصیات (پروفائل (کے مطابق نہیں۔

## گاڑیوں کی فروخت 54 فیصد کم، ٹیکس میں نمایاں کمی

کراچی (نیوز ڈیسک) آٹو سیکٹر کی 54 فیصد فروخت میں کمی سے حکومت کو ٹیکس آمدنی میں بھی نمایاں کمی کا خدشہ لاحق ہوگیا ہے۔ اس ضمن میں پاکستان آٹو پارٹس مینوفیکچرز ایسوسی ایشن (پاپام) کے سابق چیئرمین مشہود علی خان کا کہنا تھا کہ آٹو سیکٹر نے درآمدی ایل سی کی حد بڑھانے کو خوش آئند قرار دیا ہے تاہم آٹو سیکٹر کی 54 فیصد فروخت میں کمی سے حکومت کو ٹیکس آمدنی میں بھی نمایاں کمی ہونے کے واضح امکانات ہیں۔ مشہود علی خان نے کہا ہے کہ پچھلے 4 ماہ میں آٹو سیکٹر کی پیداوار میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

# تاجروں اور کاروبار کو تحفظ فراہم کیا جائے، محمود حامد

## 3 سال میں 20 مارکیٹیں مسمار کی جا چکی ہیں، تاجر رہنما کی پریس کانفرنس

کراچی (نیوز ڈیسک) آل پاکستان آرگنائزیشن آف اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کراچی کے صدر محمود حامد نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے تاجروں اور ان کے کاروبار کو تحفظ فراہم کیا جائے، کراچی ساؤتھ موسیٰ لائن میں پولیس لائنز (بغدادی رسالہ اور نیپیئر) سے متصل 33 سال سے قائم 200 قانونی دکانوں کو مسمار کرنے اور تاجروں کو بے روزگار کرنے کی سازشیں بند کی جائیں ورنہ ہم پولیس ہیڈ آفس کے سامنے دھرنا دیں گے، 3 سال کے دوران کم از کم 20 مارکیٹیں مسمار کی جا چکی ہیں جن میں ایمپیریس مارکیٹ، لائٹ ہاؤس مارکیٹ، گارڈن مارکیٹ، جوبلی مارکیٹ، فریم مارکیٹ، معراج مارکیٹ، کھوڑی گارڈن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹیں شامل ہیں، ہزاروں متاثرہ تاجروں کو نہ تو متبادل جگہ دی گئی اور نہ ہی کوئی معاوضہ دیا گیا ہے، وہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے، ان کے ساتھ اسمال ٹریڈرز کراچی کے جنرل سیکریٹری عثمان شریف اور متاثرہ مارکیٹ رہنما خالد علی کیریو، شیر زمان قریشی، محمد امین قادری، محمد زبیر اور دیگر موجود تھے، محمود حامد کا مزید کہنا تھا کہ کراچی جو پاکستان کی معاشی شہ رگ ہے 67 فیصد ریونیو قومی خزانے میں جمع کراتا ہے 80 فیصد ایکسپورٹ اسی شہر سے ہوتی ہے، تاجروں کے ساتھ یہ ناروا اور سفاکانہ سلوک ناقابل فہم ہے، عثمان شریف نے کہا کہ اب ظلم حد سے بڑھ گیا ہے تاجر کسی ظلم کو برداشت نہیں کریں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## PSO کو اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: AD-16861-QR

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ، دوسری منزل، پی ایس او ہاؤس، خیابان اقبال، کلفٹن، کراچی۔

فون: 111-111-776EXT:2273

## اسٹیٹ لائف کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: BANC/PO/31/2022

پلانر (ریگزین جیکٹ کے ساتھ) تعداد: 2000 عدد

ٹیبل کیلنڈر، تعداد: 2000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹل ہیڈ، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، کراچی۔

فون: 021-99204521

## دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/KYC/12593/97

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: دفتر، اربن ہیلتھ سینٹر۔15، اورنگی ٹاؤن، سبحانی مسجد، ویسٹ کراچی۔

## فیصل آباد انٹر بورڈ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 338/SS

پرنٹڈ کورشیٹس،

برائے SSC، تعداد: 2900000 عدد

برائے HSSC، تعداد: 1500000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، فیصل آباد۔

## انٹر بورڈ سرگودھا کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 123/اسٹورز

پرنٹڈ کورشیٹ، تعداد: 2400000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، سرگودھا۔

فون: 048-3250059-3250051

## چولستان یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 14/2022

کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، تعداد: 1050 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: کنوینر پروکیورمنٹ کمیٹی، نزد ڈی ایچ اے، بہاولپور، پاکستان۔

فون: 062-9255718-731

## ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: LR-TND-2022/23/11

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 500 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر آفس حیال شریف، دھمیال روڈ، نزد بینک کالونی، راولپنڈی۔

فون: 051-9334398-9

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 734/07/2022

ایڈمیشن فائلز کی پرنٹنگ اور سپلائی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، علامہ اقبال روڈ، فیصل آباد۔

فون: 041-9201468

## ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: GWMC/FY2022-23/32

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر آفس، دوسری منزل، چیمبر پلازہ ایوان تجارت روڈ، گوجرانوالہ۔

فون: 055-9200863

## لارنس کالج کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

کالج میگزین کی پرنٹنگ۔ تعداد: 850 کاپی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 19 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: پرنسپل آفس، گھوڑا گلی، مری۔

فون: 051-3751001-3

## لاہور ہائی کورٹ کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ڈائری لارج، تعداد: 3120 عدد

ڈائری اسمال، تعداد: 200 عدد

وال کیلنڈر، تعداد: 3000 عدد

ٹیبل کیلنڈر، تعداد: 3000 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ رجسٹرار (پروکیورمنٹ)، لاہور۔

## یونیورسٹی آف ایگریکلچر کا لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 148/2022

پرنٹڈ لفافے، سائز 6x11۔ تعداد: 5000

پرنٹڈ لفافے، سائز 15x20۔ تعداد: 12500

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، فیصل آباد۔

فون: 041-9200898-9200161

EXT:3503/3504

## WASA کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LRW#1272

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 650 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پی اینڈ ایس) آفس، واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی، فیصل آباد۔

## بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2022-23/09

آفسیٹ پیپر، سائز 68,23x36 گرام، تعداد: 295 ریم

آفسیٹ پیپر، سائز 68,18x23 گرام، تعداد: 5098 ریم

آفسیٹ پیپر، سائز 68,23x36 گرام، تعداد: 1400 ریم

کرافٹ پیپر، سائز 90,35x47 گرام، تعداد: 20 ریم

کرافٹ پیپر، سائز 90,23.5x35 گرام، تعداد: 117 ریم

VRG پیپر، سائز 80,17x27 گرام، تعداد: 68 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔

فون: 061-9210071-5EXT:1318

## ڈائریکٹوریٹ سوشل سیکورٹی کا پرنٹڈ اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (میڈیکل) آفس، 26۔ مین گلبرگ، لاہور۔

فون: 042-99263385-99263220

## نیشنل سیکورٹی پرنٹنگ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: NLP/T-284/22

وائٹ آفسیٹ پیپر سائز 85,18x24 گرام، تعداد: 200 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔

فون: 021-99248511EXT:2204-2216



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ٹیکس کمی انتظامی صلاحیتوں سے پوری کرینگے، چیئرمین ایف بی آر

